(Urdu Version)

گھریلو ملازم معاہدہ نمبر _____________

# معیاری روزگار کا معاہدہ
# (بیرون ملک سے بھرتی کیے گئے ایک گھریلو ملازم کے لئے)

یہ معاہدہ .......................................................................................................... ( "آجر")
اور .......................................................................................................... ( "مددگار") کے
مابین ....................... تاریخ کو کیا جا رہا ہے اور اس کی مندرجہ ذیل شرائط ہیں:

1. اس معاہدے کے مقصد سے مددگار کا اصل مقام.......................................................................
............................................................................................................................................ ہے۔

2. †(A) آجرکی طرف سے مددگار کو دو سال کی مدت کے لیےگھریلو مددگار کے طور پر ملازمت دی جائے گی اجس کا آغاز مددگار کی ہانگ کانگ میں آمدکی تاریخ سے ہوگا۔

†(B) آجرکی طرف سے مددگار کو دو سال کی مدت کے لیےگھریلو مددگار کے طور پر ملازمت دی جائے گی جس کی شروعات......................... سے ہو گی، جو کہ اسی آجر کے یہاں ملازمت کے لیےگھریلو ملازم معاہدہ نمبر......................... کے اختتام بعد کی تاریخ ہے۔

†(C) آجرکی طرف سے مددگار کو دو سال کی مدت کے لیےگھریلو مددگار کے طور پر ملازمت دی جائے گی جس کا آغازاس تاریخ سے ہو گا جسکو ڈائیرکٹر آف امیگریشن مددگار کو ہانگ کانگ میں رہائش پذیر ہونے کی اجازت دیتا ہے۔

3. مددگار ............................................................................................................................
.............................................................................پر واقع آجر کی رہائش پر کام کرے گا اور رہے گا۔

4. *(a)* مددگار صرف ملازمین کے لئے رہائش اور گھریلو فرائض کے منسلک شیڈول کے مطابق گھریلو فرائض انجام دے گا۔

*(b)* مددگار کسی دوسرے شخص کے یہاں کوئی دوسری ملازمت نہیں کرے گا،اور نہ ہی آجرکے ذریعہ ایسا کرنے کا مطالبہ کیا جائے۔

*(c)* آجراورمددگار بذریعہ ہذا تسلیم کرتے ہیں کہ شق 4 *(a)* اور *(b)* ٹھہرنے کی شرائط کا جزء ہوں گے جنہیں اس معاہدہ کے تحت ہانگ کانگ میں کام کرنے کومددگار کے ذریعہ قبول کرنے پر امیگریشن ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ مددگار پر نافذ کیا جائے گا ۔ ٹھہرنے کی مذکورہ کسی ایک یا دونوں شرائط کی خلاف ورزی مددگار اور/یا کسی ساتھی اور شہ دینے والے پر مجرمانہ مقدمہ چلانے کا سبب بنے گی ۔

5. *(a)* آجر مددگار کو ہر ماہ .................HK$ اجرت ادا کرے گا۔ اجرت کی رقم اس کم سے کم قابل اجازت اجرت سے کم نہ ہو جس کا اعلان حکومت ہانگ کانگ کے مخصوص انتظامی علاقے نے کیا ہو اور جو اس معاہدہ کی تاریخ کو رائج ہو ۔ ایسا آجرجو اس ملازمت معاہدہ کے تحت واجب االداء اجرت نہیں دے پاتا ہے اس پر مجرمانہ مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

*(b)* آجر مددگار کو منسلک کردہ رہائش اور گھریلو ذمہ داریوں کے شیڈول کے مطابق مناسب اور ضروریات سے آراستہ رہائش اور مفت خوراک فراہم کرے گا ۔ اگر کوئی خوراک فراہم نہیں کی جاتی ہے تو، مددگار کو فی مہینہ.....................HK$ کا خوراک الاؤنس فراہم کیا جائے گا۔

*(c)* آجر اجرتوں کی ادائیگی اور خوراک الاؤنس کی ایک رسید فراہم کرے گا اور مددگار اپنےدستخط کے تحت رقم کی رسید کو قبول کرے گا/گی*۔

6. مددگار آرام کے تمام دنوں ، قانونی تعطیلات، اور بمعہ تنخواہ سالانہ چھٹی کاحقدار ہو گاجیسے کہ ملازمتی آرڈیننس، باب 57 میں بیان کیا گیا۔

7. *(a)* آجر کو چاہیے کہ مددگار کو اس مرد/ عورت *کے آبائی مقام سے ہانگ کانگ اور س معاہدہ کے اختتام یا میعاد ختم ہونے پر، اس کی واپسی کے راستےکے لیے مفت سفر فراہم کرے

*(b)* اگر مددگار سب سے زیادہ براہ راست راستے سے سفر کرے تو اسے اس کے* آبائی مقام سے اس کی* روانگی سے لے کر اس تاریخ تک یومیہ بنیاد پر فی یوم HK$100 کا خوراک اور سفری الاؤنس دیا جائے گا جب تک وہ* ہانگ کانگ میں پہنچ نہ جائےیہ ادائیگی اس وقت بھی کی جائے گی جب مددگار اس معاہدہ کی میعاد ختم ہونے یا اختتام پر اپنے* اصل مقام واپس جائے۔

8. آجر مددگار کی اس مرد/ عورت* کے آبائی مقام سے ہانگ کانگ میں داخلے تک مندرجہ ذیل فیس اور اخراجات (اگر کوئی ہے) کے ذمہ دار ہو گا: -

(i) طبی جانچ فیس؛
(ii) متعلقہ سفارت خانہ کے ذریعہ تصدیق کی فیس؛
(iii) ویزا فیس؛
(iv) انشورنس فیس؛
(v) انتظامیہ کی فیس یا فیس جیسے فلپائن کے اوورسیز روزگار کی انتظامیہ کی فیس، متعلقہ سرکاری حکام کے ذریعہ عائد کردہ اسی نوعیت کی دوسری فیس؛ اور
(vi) دیگر: ....................................................................................................................

ایسی صورت میں کہ مددگار نے مذکورہ لاگتیں یا فیس ادا کر دی ہوں، آجر مطالبہ کیے جانے اور ادائیگی کی متعلقہ رسیدوں یا دستاویزی شہادت پیش کرنے پر مددگار کو اس طرح سے ادا کردہ رقم کی مکمل بازادائیگی فوری طور پر کرے گا۔

*جہاں نامناسب ہو حذف کر دیں

† 2A, 2B یا 2C
جیسا مناسب استعمال کریں۔

9. *(a)* ایسی صورت میں کہ شق 2 میں بیان کردہ ملازمت کی مدت کے دوران مددگار بیمار ہو جائے یا اسے ذاتی چوٹ پہنچ جائے، سوائے اس مدت کے جس کے دوران معاون اپنی*خود کی خلاف ورزی اور اپنے*خود کے ذاتی مقاصد کے لیے ہانگ کانگ سے چلا جائے، آجر مددگار کو مفت طبی علاج فراہم کرے گا۔ مفت طبی عالج میں ڈاکٹر کو دکھانا، اسپتال میں خبرگیری اور ہنگامی دانتوں کا علاج شامل ہیں۔ مددگار کسی رجسٹرشدہ طبی پیشہ ور کے ذریعہ فراہم کردہ طبی علاج کوقبول کرے گا۔

*(b)* اگر مددگار کو حادثہ کی وجہ سے چوٹ پہنچے یا کام پربیماری کی وجہ سے اور روزگار کے دوران پیدا ہونے والے حادثے سے چوٹ پہنچے تو آجر ملازمت کے معاوضہ آرڈیننس، باب 282 کے مطابق معاوضے کی ادائیگی کرے گا۔

*(c)* ایسی صورت میں کہ کوئی طبی پیشہ ور تصدیق کر دے کہ مددگار خدمت کے لیے غیرموزوں ہے، تو آجر متعلقہ آرڈیننس کے قانونی شرائط کے تابع ملازمت کو ختم کر سکتا ہے اور وہ شق 7 کے مطابق مددگار کو اس کے*اصل مقام تک واپس لوٹا دینے کے فوری طور پر اقدامات کرے گا۔

10. کوئی بھی فریق اس معاہدے کو ختم کر سکتا ہے ایک ماہ کا تحریری نوٹس میں یا اس کے بدلے ایک مہینے کی اجرت دے کر۔

11. شق 10 کے باوجود، کوئی بھی فریق اس معاہدے کو ختم کر سکتا ہے ایک ماہ کا تحریری نوٹس دے کر یا اس کے بدلے ایک مہینے کی اجرت دیےبغیران حالات کے تحت جن کی اجازت ملازمت کے آرڈیننس، باب 57 کی طرف سے دی گئی ہے۔

12. اس معاہدے کے خاتمے کی صورت میں ، ملازم اور مددگار دونوں امیگریشن ڈائریکٹر کو تحریری نوٹس دے سکتے ہیں ملازمت ختم ہونے کی تاریخ کے سات دن کے اندر۔ ملازمت ختم ہونے کے لیے دوسرے فریق کے تحریری اعتراف کی ایک نقل بھی امیگریشن ڈائریکٹر کو بھیجی جائے گی۔

13. موجودہ معاہدہ کی میعاد ختم ہونے پر اگر دونوں فریق نیا معاہدہ کرنے سے اتفاق کریں، تو مددگار، اس طرح کی کسی مزید مدت کی شروعات سے قبل اور آجر کے خرچ پر، اپنے* اصل مقام کم سے کم سات دنوں کی باتنخواہ/بے تنخواہ تعطیل پر واپس جائے گا، یا یہ کہ تک ہانگ کانگ میں ٹھہرنے کی مدت میں توسیع کی امیگریشن ڈائریکٹر کے ذریعہ پیشگی منظوری دے دی جائے۔

14. مددگار کی موت کی صورت میں،آجر ہانگ کانگ سے اپنے اصل جگہ پر اس مرد/ عورت* مددگار کی باقیات اور ذاتی جائیداد کو منتقل کرنے کی قیمت ادا کرے گا۔

15. مندرجہ ذیل تبدیل شدہ شکلوں کو چھوڑ کر، منسلک کردہ اس معاہدہ (رہائش اور گھریلو ذمہ داریوں کا شیڈول سمیت) کی مدت کے دوران اس کی شرائط میں کوئی تبدیلی یا اضافہ کالعدم ہو گا سوائے یہ کہ اسے لیبر کمشنر کی پیشگی منظوری سے کیا گیا ہو۔:

*(a)* شق 2 میں بیان کردہ ملازمت کی مدت میں باہمی اتفاق اور امیگریشن ڈائریکٹر سے حاصل کردہ پیشگی منظوری سے اتنی مدت کی توسیع کر کے تبدیلی جو وایک مہینہ سے زائد نہ ہو ؛

*(b)* شق 3 میں بیان کردہ آجر کے رہائشی پتہ میں امیگریشن ڈائریکٹر کو دی جانے والی تحریری اطالع پر تبدیلی ، بشرطیکہ مددگار آجر کے نئے رہائشی پتہ پر رہنا اور کام کرنا جاری رکھے؛

*(c)* رہائش اور گھریلو ذمہ داریوں کا شیڈول میں تبدیلی جسے رہائش اور گھریلو ذمہ داریوں کا شیڈول کے آئٹم 7 میں بیان کردہ طریقہ پر کیا گیا ہو؛ اور

*(d)* مددگار کے ذریعہ موٹر گاڑی چلانے کے تعلق سے، چاہے گاڑی آجر کی ہو یا نہ ہو، رہائش اور گھریلو ذمہ داریوں کا شیڈول کے آئٹم 4 میں تبدیلی جسے شیڈول کےضمیمہ کی شکل میں باہمی اتفاق کے ذریعہ یا مددگار کے لیے گاڑی چلانے کی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے تعلق سے امیگریشن ڈائریکٹر کی تحریری اجازت سے کیا گیا ہو۔

16. مندرجہ بالا شرائط مددگار کو ملامتی آرڈیننس کے باب 57 ، ملازموں کے معاوضہ آرڈیننس ، باب 282 اور دیگر متعلقہ آرڈیننس کے تحت دوسرے حقوق سے محروم نہیں کر تیں۔

17. فریق بذریعہ ہذا اعلان کرتے ہیں کہ مددگار کی گھریلو مددگار کے طور پر ملازمت کے لیے موزونیت کی طبی طور پر جانچ کی گئی ہے اور اس کی طبی سند آجر کو معائنہ کے لیے پیش کی گئی ہے ۔

آجر کی جانب سے کیے گئے دستخط

________________________
(آجر کا دستخط)

کی موجودگی میں ________________ ________________________
(گواہ کا نام) (گواہ کا دستخط)

مددگار کی جانب سے کیے گئے دستخط ________________________
(مددگار کا دستخط)

کی موجودگی میں ________________ ________________________
(گواہ کا نام) (گواہ کا دستخط)

*جہاں نامناسب ہو حذف کر دیں۔

## رہائش اور گھریلو فرائض کا شیڈول

1. آجر اور مددگار دونوں کو دستخط کر کے یہ اعتراف کرنا چاہئے کہ انھوں نے اس شیڈول کے مشمولات کو پڑھ کر ان سے اتفاق کر لیا ہے، اور وہ اس بات کے لیے اپنی رضامندی کی توثیق کرتے ہیں کہ امیگریشن ڈپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ سرکاری ادارے اس شیڈول میں مشتمل معلومات کو ذاتی ڈیٹا (رازداری) آرڈیننس کی شرائط کی مطابقت میں اکٹھا اور استعمال کریں ۔

2. آجر کی رہائش گاہ اور افراد کی تعداد جن کی خدمت کی جائے گی
A. فلیٹ / گھر کا تخمینی سائز ........مربع فٹ / مربع میٹر *
B. ذیل میں گھرکے افراد کی تعدادبیان کریں جنکی خدمت باقاعدہ بنیاد پر کی جائے گی:
......... بالغ ......... بچے (عمر 5 سے 18) .........بچے (5 سال سے کم عمر) ......... بچوں کی ولادت متوقع ہے۔
......... گھر میں افراد جنھیں مسلسل دیکھ بھال یا توجہ (شیرخوار بچے کو چھوڑ کر) کی ضرورت ہوتی ہے۔
(نوٹ: گھرانہ کو خدمت پیش کرنے کے لیے آجر کے ذریعہ فی الحال ملازمت پر رکھے گئے مددگاروں کی تعداد ......... )

3. مدد گار کو فراہم کی جانے والی رہائش اور سہولیات

A. مدد گارکے لئے رہائش

جیسے کہ ہانگ کانگ میں اوسط فلیٹ سائز نسبتا چھوٹا ہے اور علیحدہ ملازم کے کمرے کی دستیابی عام نہیں ہے، آجر کو مددگار کے لیے مناسب رہائش اور معقول رازداری فراہم کرنا چاہئے۔ غیر مناسب رہائش گاہ کی مثالیں ہیں: مددگار کو کو راہداری میں عارضی (made-do) بستروں پر سونا پڑے جہاں بہت کم رازداری ہوتی ہے اور مخالف جنس کے بالغ / نوجوان کے ساتھ ایک کمرے کا اشتراک کرنا ہو ۔

☐ جی ہاں۔ خادم کے کمرہ کا تخمینی سائز................. مربع فٹ / مربع میٹر ہے *
☐ نہیں۔ مددگار کے لئے سونے کا انتظام:
  ☐ .................سال کے................. بچے/ بچوں کے ساتھ مشترک کمرہ
  ☐ ................. مربع فٹ / مربع میٹر * کا الگ تقسیم کردہ علاقہ
  ☐ دیگر۔ براہ مہربانی وضاحت کریں.................................................
..........................................................................................
..........................................................................................

B. مددگار کو فراہم کرنے کی سہولیات:

(نوٹ: داخلہ ویزا کے لئے درخواست عام طور پر منظور نہیں کی جائے گی اگر آئٹم *(a)* سے *(f)* تک لازمی سہولیات مفت فراہم نہیں کی جاتیں۔)

| | | |
|---|---|---|
| *(a)* روشنی اور پانی کی فراہمی | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(b)* بیت الخلاء اور غسل کی سہولیات | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(c)* بستر | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(d)* کمبل یا رضائی | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(e)* تکیا | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(f)* الماری | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(g)* ریفریجریٹر | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(h)* ڈیسک | ☐ جی ہاں | ☐ نہیں |
| *(i)* دیگر سہولیات (براہ مہربانی تخصیص کریں) | ________________ | |
| | ________________ | |

4. مددگار کو صرف آجر کے رہائش گاہ پر گھریلو فرائض انجام دینا چاہئں۔ اس معاہدے کے تحت مددگار کی طرف سے گھریلو فرائض میں کسی بھی طرح کی موٹر گاڑی کو کسی بھی مقصد سے چلانا خارج ہے، آیا کہ گاڑی آجر کی ہے یا نہیں۔

5. گھریلو فرائض ذیل میں درج کردہ فرائض میں شامل ہیں۔

گھریلو فرائض کا بڑا حصہ: -

1. گھر کے کام
2. کھانا پکانا
3. گھر کے معمر افراد کی دیکھ بھال کرنا (مسلسل نگہداشت یا توجہ مطلوب ہے/ مطلوب نہیں ہے*)
4. شیر خوار بچے کی نگہداشت کرنا
5. بچوں کا خیال رکھنا
6. دیگرامور (براہ مہربانی وضاحت کریں)

……………………………………………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………………………………………

6. جب آپکےمددگار سے درکار ہو کہ کسی بھی کھڑکی کو باہر سے صاف کرے جو کہ زمین کی سطح یا ایک بالکنی (جس پر کام کرنا مددگار کے لیےلازماً معقول طور پر محفوظ ہو) سے متصل یا عام راہداری میں نہ ہو ( "بیرونی کھڑکی کی صفائی")، تو بیرونی کھڑکی کی صفائی مندرجہ ذیل شرائط کے تحت کی جانی چاہئے: -
   (i) صاف کی جانے والی کھڑکی میں جالی لگی ہوئی ہے جسے تالا لگا ہوا ہے یا اس طرح سے محفوظ کیا گیا ہے کہ اس سے جالی کھلنے سے محفوظ رہتی ہے؛ اور
   (ii) بازو کے علاوہ آپکے مددگار کے جسم کا کوئی بھی حصّہ کھڑکی کے چھجے سے باہر نہ ہو -

7. آجر کو چاہیے کہ وہ مددگار کو اور امیگریشن ڈائریکٹر کو نقطہ 2، 3 اور 5 میں کسی بھی اہم تبدیلی کے بارے میں رہائش اور گھریلو فرائض (ID 407G) کے نظر ثانی شدہ شیڈول کی ایک نقل جو آجر اور مددگار دونوں کی طرف سے دستخط کیا گیا امیگریشن ڈائریکٹر کو پیش کرکے مطلع کرے ریکارڈ کے لیے۔

| آجر کا نام اور دستخط | تاریخ | مددگار کا نام اور دستخط | تاریخ |
|---|---|---|---|
| ____________ | ____________ | ____________ | ____________ |

*جہاں نامناسب ہو حذف کر دیں
☐ جیسا مناسب ہو نشان لگائیں